



روزنامہ ورقِ تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक-ए-ताजा
30 July 2025





# انڈین پارلیمان میں 'آپریشن سندور' پر بحث اور حکومتی وضاحتوں سے جنم لیتے نئے سوال

## 'اگر پاکستان واقعی گھٹنے ٹیکنے کو تیار تھا، تو آپ کیوں جھکے؟'



22 اپریل کو انڈیا کے زیرِ انتظام کشمیر کے علاقے پہلگام میں سیاحوں پر شدت پسندوں کے حملے اور اس کے تناظر میں مئی کے اوائل میں انڈیا اور پاکستان کے بیچ فضائی جھڑپوں کو تقریباً تین ماہ ہونے کو ہیں لیکن انڈیا میں اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے حکمراں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) سے اِس ضمن میں پوچھے گئے سوالات تا حال جواب طلب ہیں۔ اس حوالے سے حزب اختلاف کی جماعتوں کی شدید تنقید اور بارہا مطالبات کے بعد حکومت نے انڈین پارلیمان کے ایوان زیریں کا اجلاس گذشتہ روز (پیر) طلب تو کیا مگر اس میں اعلیٰ حکومتی وزرا کی تقریروں اور پیش کی گئی وضاحتوں نے بظاہر معاملات کو سلجھانے کے بجائے مزید الجھانے کا کام کیا ہے۔ اس اجلاس کا آغاز شور شرابے سے ہوا جس کے باعث سپیکر کو ہاؤس کی کارروائی دو مرتبہ معطل کرنی پڑی اور پھر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے 'آپریشن سندور' اور متعلقہ معاملات کے حوالے سے حکومت کا مؤقف ایوان کے سامنے پیش کیا، جس کی وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے تو تعریف کی گئی مگر اپوزیشن کی جانب سے اسے آڑے ہاتھوں لیا گیا۔ اگرچہ اپوزیشن جماعتیں 'آپریشن سندور' اور اس کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات کی تفصیل براہ راست وزیر اعظم نریندر مودی کی زبانی سُننا چاہتی تھی لیکن وہ پارلیمان کے اس اجلاس میں پہلے روز موجود نہیں تھے جس کے باعث اپوزیشن ارکان نے کافی احتجاج کیا۔ وزیر اعظم مودی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر وزیر دفاع اور وزیر خارجہ کے پارلیمان سے خطابات کو سراہا ہے۔ انھوں نے وزیر دفاع کی تقریر کا کلپ شیئر کرتے ہوئے لکھا: 'وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ جی نے ایک بہترین تقریر کی، جس میں انڈیا کے سکیورٹی آپریٹس کی کامیابی اور آپریشن سندور میں ہماری مسلح افواج کی ہمت کا بصیرت انگیز نقطہ نظر پیش کیا گیا۔' اس کے ساتھ ہی انھوں نے وزیر خارجہ ایس جے شنکر کی تقریر کا کلپ شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ 'وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر جی کی تقریر شاندار تھی۔ انھوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ کس طرح دنیا نے آپریشن سندور کے ذریعے دہشت گردی کی لعنت سے لڑنے کے بارے میں انڈیا کے نقطہ نظر کو واضح طور پر سُنا ہے۔' وزیر اعظم کی ان توصیفی کلمات سے قطع نظر حزب اختلاف نے پارلیمان میں مزید نئے سوالات کھڑے کیے اور وزیر اعظم مودی اور ان کی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ اس حوالے سے سوشل میڈیا پر جہاں مذکورہ دونوں وزرا کے کلپس کو شیئر کیا جا رہا ہے وہیں حزب اختلاف کے مختلف رہنماؤں کی تقاریر کو بڑے پیمانے پر شیئر کیا جا رہا ہے۔

### حکومتی وزرا نے کیا مؤقف پیش کیا؟

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کا کہنا تھا کہ 'ہمارا پاکستان کے ساتھ کوئی تنازع نہیں ہے، یہ تہذیب اور بربریت کا ٹکراؤ ہے، اگر کوئی ہماری خودمختاری کو نقصان پہنچاتا ہے تو اسے منھ توڑ جواب دیا جائے گا۔' انھوں نے کہا کہ 'ہماری بنیادی فطرت بدھ (امن پسندی) کی ہے جنگ کی نہیں۔ ہم آج بھی کہتے ہیں کہ ایک خوشحال پاکستان ہمارے مفاد میں ہے۔ نریندر مودی حکومت کا مؤقف واضح ہے کہ مذاکرات اور دہشت گردی ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔ پاکستان کے ذہن میں ایک غلط فہمی تھی، ہم نے اسے آپریشن سندور کے ذریعے دور کیا، اگر کچھ رہ گیا تو اسے بھی دور کر دیں گے۔' اس موقع پر راج ناتھ سنگھ نے حزب اختلاف کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ 'کچھ اپوزیشن اراکین یہ پوچھ رہے ہیں کہ ہمارے کتنے طیارے گرے؟ میرے خیال میں اُن کا سوال ہمارے قومی جذبات کی نمائندگی نہیں کرتا۔ انھوں نے یہ نہیں پوچھا کہ ہماری فوج نے دشمن کے کتنے طیارے گرائے؟ اگر انھیں پوچھنا ہے تو یہ پوچھنا چاہیے کہ انڈیا نے دہشتگردوں کے کتنے ٹھکانے تباہ کیے تو اس کا جواب ہوگا، ہاں۔ اگر آپ نے سوال پوچھنا ہی ہے تو یہ پوچھیں کہ آپریشن میں ہمارے کتنے فوجیوں کو نقصان پہنچا؟ اس کا جواب نہیں ہے۔ (یعنی) ہمارے کسی فوجی کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔' انھوں نے مزید کہا کہ 'یہ کہنا مکمل طور پر غلط اور بے بنیاد ہے کہ (پاکستان کے خلاف) فوجی کارروائی دباؤ کی وجہ سے روکی گئی۔ انڈیا نے اپنا آپریشن اُس وقت ہی روکا جب تک تمام عسکری مقاصد حاصل نہیں ہو گئے۔' وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے ایوان میں کی گئی اپنی تقریر میں ایک مرتبہ پھر امریکی ثالثی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کوئی واضح جواب نہیں دیا۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ 'وزیر اعظم نریندر مودی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان 22 اپریل سے 17 جون کے درمیان کوئی بات چیت نہیں ہوئی۔' انھوں نے ایک مرتبہ پھر یہ دعویٰ دہرایا کہ نو مئی کو امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے وزیر اعظم نریندر مودی کو فون کیا اور انھیں بتایا کہ پاکستان اگلے چند گھنٹوں میں بڑا حملہ کر سکتا ہے۔ 'وزیر اعظم نے اپنے جواب میں واضح کیا کہ اگر ایسا کوئی حملہ ہوا تو ہماری طرف سے مناسب جواب دیا جائے گا۔' شنکر کا مزید کہنا تھا کہ 'پہلگام حملے کے بعد ایک واضح، مضبوط، جرات مندانہ پیغام بھیجنا ضروری تھا، ہماری ریڈ لائن کو عبور کیا گیا اور ہمیں یہ واضح کرنا تھا کہ اس کے سنگین نتائج ہوں گے۔' انھوں نے کہا کہ 'سفارتی اور خارجہ پالیسی کے لحاظ سے ہمارا کام دنیا کو پہلگام حملے کے بارے میں درست معلومات دینا تھا اور ہم نے پاکستان کی طرف سے سرحد پار دہشت گردی کی تاریخ کو سامنے لانے کی کوشش کی۔ ہم نے پاکستان میں دہشت گردی کی تاریخ پر روشنی ڈالی اور بتایا کہ کس طرح یہ (پہلگام) حملہ جموں و کشمیر کی معیشت کو نشانہ بنانے اور انڈیا کے لوگوں میں فرقہ وارانہ عداوت پھیلانے کے لیے کیا گیا۔' بعدازاں رُکن پارلیمان پرینکا گاندھی سے جب صحافیوں نے اس حوالے سے پوچھا تو انھوں نے کہا کہ 'انھوں (ایس جے شنکر) نے صاف طور پر یہ نہیں کہا کہ جنگ بندی میں امریکہ شامل نہیں تھا۔ انھوں نے یہ کہا کہ مودی جی نے کئی دنوں تک ٹرمپ سے بات نہیں کی، لیکن یہ واضح طور پر نہیں کہا کہ اس میں امریکہ شامل نہیں تھا۔' کئی رکن پارلیمان نے پہلگام میں ہونے والے حملے سے جامع تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ شیوسینا (یو بی ٹی) کے رکن پارلیمان اروند ساونت نے کہا: 'میں کچھ دنوں کے لیے وزیر تھا، میں الیکٹرک بسوں کے افتتاح کے موقع پر کشمیر گیا تھا۔ اس دن چپے چپے پر مسلح فوجی کھڑے تھے۔ مگر اس دن کیا ہوا، کیا پہلگام میں مسلح فوجی نہیں تھے۔ ہمارے سیاح وہاں تھے اور پولیس بھی نہیں تھی؟ کس نے حکم دیا کہ وہاں کوئی فوجی نہیں ہوگا؟ تفتیش وہیں سے شروع ہونی چاہیے۔'

### 'آپ بتاؤ کتنے جیٹ طیارے مار گرائے گئے'

حزب اختلاف کی جانب سے کانگریس رہنما گورو گوگوئی نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ 'ہم حکومت کے دشمن نہیں ہیں، ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں آج بھی حکومت کے ساتھ ہیں، لیکن سچ سامنے آنا چاہیے۔۔۔ ہم سب نے متحد ہو کر وزیر اعظم مودی کی مکمل حمایت کی۔ پورے ملک نے اُن کا ساتھ دیا لیکن پھر اچانک 10 مئی کو اطلاع آئی کہ جنگ بندی ہو گئی ہے۔ ایسا کیوں ہوا؟ پہلے 21 اہداف منتخب کیے گئے پھر نو کیوں کر دیے گئے؟' 'اگر پاکستان واقعی گھٹنے ٹیکنے کو تیار تھا تو آپ کیوں رُکے، آپ کیوں جُھکے۔ آپ نے کس کے سامنے ہتھیار ڈالے؟' انھوں نے مزید کہا کہ 'امریکی صدر 26 بار کہہ چکے ہیں کہ ہم نے جنگ رکوائی۔ صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ پانچ سے چھ جیٹ طیارے مار گرائے گئے ہیں۔ آپ بتاؤ کتنے جیٹ طیارے مار گرائے گئے؟' اُن کا مزید کہنا تھا کہ 'راج ناتھ سنگھ نے بہت سی معلومات دیں، لیکن وزیر دفاع ہونے کے ناطے یہ نہیں بتایا کہ پہلگام میں دہشتگرد کیسے آئے؟ یہ نہیں بتایا کہ بیسرن میں، جہاں ہزاروں لوگ خوشیاں منانے جاتے ہیں، وہاں دہشتگردوں نے 26 افراد کو گولیاں سے کیسے چھلنی کر دیا۔ یہ بتانا چاہیے تھا۔' ترنمول کانگریس کے رکن پارلیمان کلیان بنرجی نے اس موقع پر کہا کہ 'کیا آپ نے کبھی سُنا ہے کہ کوئی کھلاڑی کرکٹ میں 90 رنز پر کھیل رہا ہو اور کوئی یہ کہہ دے کہ ہمیں تو اننگز ختم کرنی چاہیے؟ یہ صرف مودی جی ہی کر سکتے ہیں اور کوئی نہیں۔' انھوں نے مزید کہا کہ 'وزیر اعظم صاحب، آپ نے اپنے ایکس ہینڈل پر ایک بار بھی کیوں نہیں لکھا کہ 'نہیں، آپ (ٹرمپ) غلط ہیں۔ (امریکی) صدر صاحب، آپ نے جو کہا (جنگ بندی کروانے والی بات) وہ غلط ہے۔'' 'آپ ایسا کرنے کی ہمت نہ دکھا سکے۔ آپ امریکی صدر سے اتنے ڈرتے کیوں ہیں؟ آپ کا قد ان کے سامنے گھٹ کر پانچ فٹ کا اور سینہ 56 انچ سے 36 انچ کا کیوں ہو جاتا ہے؟ تاریخ آپ کو کبھی معاف نہیں کرے گی۔'

### سوشل میڈیا پر تبصرے

بہرحال ابھی آپریشن سندور پر پارلیمان میں بحث کا سلسلہ جاری ہے۔ آج یعنی منگل کے روز وزیر دفاع ایوان بالا (راجیہ سبھا) میں اس سلسلے میں حکومت کا مؤقف ایوان کے سامنے رکھیں گے جبکہ دوپہر کو وزیر داخلہ امت شاہ کے بارے میں کہا جا رہا ہے کہ وہ اس سلسلے میں حکومت کا موقف پیش کریں گے۔ ابھی یہ واضح نہیں ہے کہ وزیر اعظم کب پارلیمان سے خطاب کریں گے۔ انڈین میڈیا کے مطابق آیا آج شام کو یا پھر بدھ کو وہ پارلیمان سے خطاب کر سکتے ہیں۔ اس دوران بہت سے رکن پارلیمان نے ایشیا کپ میں پاکستان کے ساتھ میچ کھیلنے پر بھی سوال اٹھایا ہے اور کہا ہے کہ جب انڈیا نے پاکستان کے ساتھ ہر سطح پر انگیجمنٹ بند کر رکھی ہے تو کرکٹ پر یہ کیوں لاگو نہیں کیا جا رہا ہے۔ ایکس پر پارلیمنٹ میں سوموار کو کی جانے والی تقاریر کے کلپس شیئر کرتے ہوئے سوشل ایکٹوسٹ بھاویکا کپور نے لکھا کہ 'کیا پارلیمنٹ میں کھڑے ہو کر حکومت پر تنقید کرنے والی تقریر کرنا کافی ہے؟ پارلیمنٹ میں اس قسم کی شعلہ بیان تقریروں سے مودی سرکار کو کیا فرق پڑتا ہے؟ کچھ بھی نہیں۔ کیا ہمیں سڑکوں پر احتجاج کرنے کے لیے کوئی خاص مبارک تاریخ اور وقت تلاش کرنے کی ضرورت ہے؟' صارف ارجن چڈا نے لکھا کہ حکومتی وضاحتیں سوالات کا جواب دینے کے بجائے معاملہ مزید الجھا رہی ہیں۔ 'آخر آپ اپوزیشن کے سوالوں کا واضح جواب دینے سے کیوں کترا رہے ہیں۔' کانگریس حامی ایک صارف رویندر کپور کے مطابق 'ڈونلڈ ٹرمپ کیوں دعویٰ کر رہے ہیں کہ انھوں نے بھارت کو جنگ بندی کے لیے مجبور کیا؟ گورو گوگوئی (ڈپٹی ایل او پی ایل ایس) نے پارلیمنٹ میں مودی حکومت کو تباہ کر دیا۔ جب پاکستان گھٹنوں کے بل رحم کی بھیک مانگ رہا تھا تو حکومت نے جنگ بند کر کے ہتھیار کیوں ڈالے؟' صحافی آدتیہ راج کول نے رکن پارلیمان اسدالدین اویسی کی تقریر کو شیئر کرتے ہوئے لکھا: 'اویسی پارلیمنٹ کے اندر پورے انڈیا کے لیے بولتے ہیں۔ بزدلانہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد پاکستان کے ساتھ کوئی کرکٹ میچ قابل قبول نہیں۔ آپ کا ضمیر پاکستان اور انڈیا کے درمیان ایسے کرکٹ میچ کی اجازت کیسے دیتا ہے؟'

(بی بی سی اردو سروس)

## یو-ڈائس اور سرل نظام کا انضمام

### اساتذہ کے بوجھ میں کمی: تعلیمی نظام میں ایک خوش آئند پیش رفت



**عقیل خان بیاولی**
موظف صدر مدرس جلگاؤں

ہندوستان کے تعلیمی نظام میں طویل عرصے سے اساتذہ غیر تدریسی ذمہ داریوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ تعلیمی معیار بلند کرنے کے بجائے، ان سے مختلف نوعیت کے اعداد و شمار جمع کرنے کے کام لیے جاتے رہے ہیں۔ یو-ڈائس پلس' اور سرل' جیسے دو علیحدہ علیحدہ ڈیٹا بیس نظامات نے اس بوجھ کو مزید بڑھا دیا تھا، جہاں ایک ہی معلومات کو بار بار مختلف پورٹلز پر اپ لوڈ کرنے کی مشقت اساتذہ کے قیمتی وقت کو ضائع کر رہی تھی۔

ایسے میں تعلیمی سال 2025-26 سے یو-ڈائس پلس U-dise plus 'اور سرل' Saral نظامات کے انضمام کا حکومتی فیصلہ نہایت قابل تحسین اور وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس تعلق سے ریاست کے تعلیمی ڈائریکٹر پرائمری مہیش گنپولے نے بتایا کہ طلبہ کی معلومات اسٹوڈنٹس پورٹل ' پر بھری جائے گی اس فیصلے سے اساتذہ پر غیر تدریسی کاموں کا بوجھ کافی حد تک کم ہو جائے گا۔ اس اقدام سے نہ صرف اساتذہ کے قیمتی تدریسی وقت کی بچت ہوگی بلکہ تعلیمی اداروں کی کارکردگی میں بھی بہتری آئے گی۔ دوہری اندراج کا خاتمہ جہاں اساتذہ کے ذہنی دباؤ کو کم کرے گا، وہیں تعلیمی اعداد و شمار کی درستگی اور شفافیت میں بھی اضافہ کرے گا۔ تعلیم کے میدان میں ڈیجیٹل انقلابات کا مقصد صرف خانہ پُری نہیں بلکہ نظام کو سہل اور مؤثر بنانا ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے اب تک یہ نظامات اساتذہ کے لیے بوجھ بنے ہوئے تھے۔ موجودہ انضمام کا فیصلہ اگر زمینی سطح پر صحیح طریقے سے نافذ ہوا تو یہ اسکولوں کے نظم و نسق میں انقلاب برپا کر سکتا ہے۔ اساتذہ کو تدریسی سرگرمیوں پر مکمل توجہ مرکوز کرنے کا موقع ملے گا، جو تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے ناگزیر ہے۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ اساتذہ کو اس نئے نظام کے استعمال کے لیے مناسب تربیت دی جائے تا کہ ٹیکنیکل رکاوٹیں اس کارآمد فیصلے کی راہ میں حائل نہ ہوں۔ نیز، طلبہ کی معلومات کے تحفظ اور ڈیٹا پرائیویسی کے لیے بھی سخت ضوابط بنانے کی ضرورت ہے تا کہ ڈیجیٹل نظامات پر عوام کا اعتماد برقرار رہ سکے۔ حکومت کا یہ قدم صرف تکنیکی انضمام نہیں بلکہ ایک تعلیمی وژن کی جانب پیش رفت ہے جہاں اساتذہ کو محض ڈیٹا انٹری آپریٹر نہیں بلکہ علم کا معمار سمجھا جائے گا۔ ہمیں امید ہے کہ یہ فیصلہ تعلیمی میدان میں ایک نئی روح پھونکنے کا کام کرے گا۔

## آرٹس کریئٹیو تھیٹر کے زیر انتظام 44 واں سالانہ پروگرام کا شاندار انعقاد!



بھیونڈی: 30/جولائی (رپورٹ: محمد حسین ساحل) بروز اتوار بتاریخ 27 جولائی 2025 کو بھیونڈی کے جی ایم مومن ویمنس کالج میں عرفان برڈی کے معروف ڈرامہ ادارے ایکٹ آرٹس کریئٹیو تھیٹر بھیونڈی" کی جانب سے 44 واں" لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ اور کلچرل پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس باوقار تقریب کے مہمان خصوصی ایڈوکیٹ یاسین مومن تھے۔ لائف ٹائم اچیومنٹ ایواڈ اردو کے معتبر قلمکار خلیق الزماں نصرت، بھیونڈی، شعبہ طب سے وابستہ ڈاکٹر یحییٰ ہدایت اللہ قاضی، اردو تھیٹر ایکسلنس ایوارڈ عدنان سعید سرکھوت اور تعلیمی و ادبی ایوارڈ ڈاکٹر شرمین انصاری اور لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ رفیع الدین فقیہ بوائز ہائی اسکول کے معاون ہیڈ ماسٹر شفیع عاصم پٹیل کو ان کی طویل تدریسی و انتظامی خدمات کے اعتراف میں دیا گیا۔ عمان سے آئے ہوئے عرفان برڈی کے داماد ڈاکٹر عبدالقادر بھی پروگرام میں موجود تھے ان کے فرزند نے محمد ڈاکٹر عبدالقادر نے چندر شیکھر آزاد کا رول ادا کرتے ہوئے انگریزی میں اپنے خیالات پیش کیے جسے لوگوں نے کافی پسند کیا۔ اس کے علاوہ دو مزاحیہ ڈرامے دادی ماں کے نسخے جسے مجیب خان نے قلم بند کیا، جس کے ہدایت کار عرفان برڈی اور چوتھے آسمان پر چار بجے جو شام سات بجے پیش کیا گیا جسے شیخ احمد نے تحریر کیا اور اس کے ہدایت کار بھی عرفان برڈی ہے۔ ہر ڈرامہ کے بعد بچوں سے سوال جواب کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ درست جواب پر نقد انعام بھی دیا گیا۔ شروع سے آخر تک اس پروگرام کی نظامت محترمہ صوفیہ مومن اور میرے عزیز ظفر عالم خان نے بڑی چابکدستی سے کی اور پروگرام کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔ محترمہ وحیدہ مومن، عبدالعزیز جو دبئ سے تشریف لائے، اردو کے شاعر محمد ساحل، سمیر بوبڑے اور اردو کے ناول نگار ایم مبین جیسی اہم شخصیات موجود تھیں۔ رئیس ہائی اسکول اینڈ جونیئر کالج کے پرنسپل ضیا الرحمن انصاری اور رفیع الدین فقیہ ہائی اسکول کے پرنسپل شبیر فاروقی اور صغرہ بی تلولی کے پرنسپل سرفراز مرکر کے طلبا نے امتحان میں ٹاپرس کی فہرست میں شامل ہونے پر انہیں بھی اعزاز سے نوازا گیا۔

اشرف پہلوی: 'مغربی سوچ کی حامل' شہزادی جنھوں نے

# امریکی و برطانوی ایجنسیوں کے تعاون سے فوجی بغاوت کروا کر ایران کی حکومت گرائی



**وقار مصطفیٰ**

'تم مرد ہو یا چُوہا؟' یہ سوال شاہِ ایران سے کسی اور نے نہیں بلکہ اُن کی جُڑواں بہن شہزادی اشرف پہلوی نے پوچھا تھا۔ مئی 1972 کی ایک امریکی خفیہ دستاویز 'سنٹرز آف پاور' (طاقت کے مراکز) کے مطابق جب امریکی سفیر نے شاہ کو مشورہ دیا کہ وہ سیاست سے کنارہ کش ہو کر قومی اتحاد کی علامت بن جائیں تو انھوں نے ایک خفیف سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا: 'اشرف نے کل ہی مجھ سے پوچھا تھا کہ میں مرد ہوں یا چُوہا؟' سٹیفن کنزر نے اپنی کتاب 'آل دی شاہز مین' میں لکھا ہے کہ 'شہزادی اشرف کی اپنے بھائی کو جھاڑ پلانے کی کہانیاں زبان زدِ عام تھیں، جن میں ایک موقع وہ بھی شامل تھا جب غیر ملکی سفیروں کی موجودگی میں انھوں نے شاہ سے کہا کہ ثابت کرو تم مرد ہو ورنہ سب پر آشکار ہو جائے گا کہ تم ایک چوہے ہو۔' فوجی کمان دار رضا پہلوی، جو بعد میں شاہِ ایران بنے، اور تاج الملوک کے ہاں اپنے بھائی محمد رضا کی پیدائش کے پانچ گھنٹے بعد 26 اکتوبر 1919 کو پیدا ہونے والی شہزادی اشرف الملوک پہلوی طاقت کے اس کھیل میں ایک فیصلہ کُن کھلاڑی تھیں۔ یہی محمد رضا بعدازاں اپنے والد کی جگہ شاہِ ایران بنے تھے۔ لیکن ایک طویل عرصے تک خفیہ رکھی گئی امریکہ کی سی آئی اے کی رپورٹ میں کہا گیا کہ وہ 'قوتِ فیصلہ سے عاری شخص' تھے۔ یہ رپورٹ پہلی بار سنہ 2000 میں نیویارک ٹائمز میں شائع ہوئی تھی۔ اسی دستاویز میں لکھا ہے کہ رضا پہلوی کی شخصیت کے جو اوصاف تھے، وہ سب اُن کے بیٹے کو منتقل نہیں ہوئے۔ 'ایک مبصر نے کہا کہ رضا شاہ کی سب سے بڑی بیٹی شمس نے اُن کی فہم و فراست ورثے میں پائی۔ چھوٹے بیٹے علی نے اُن کی جسمانی طاقت اور اُن کی جڑواں بیٹی اشرف نے ان کی بے رحمانہ عزم و ہمت حاصل کی۔' جبکہ محمد رضا کو اپنے والد کا قومی ترقی کا خواب ورثے میں ملا۔ 'شاہ بننے کے ابتدائی دنوں میں ہی محمد رضا کو اپنے ہی خاندان میں عزت و توقیر حاصل نہ تھی۔ ملکہ مادر (شاہ کی والدہ) بظاہر اپنے سب سے بڑے بیٹے کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتی تھیں۔ اکثر رپورٹس میں بتایا گیا کہ وہ ان کے خلاف سازشیں کرتی رہیں اور علی کو زیادہ موزوں جانشین کے طور پر آگے بڑھاتی رہیں اور ایک موقع پر انھوں نے یہاں تک کہا کہ افسوس (شہزادی) اشرف شاہ نہیں بنی۔' واشنگٹن پوسٹ کے برائن مرفی کے مطابق 1930 کی دہائی کے اوائل میں اشرف پہلوی، اُن کی بڑی بہن شمس اور اُن کی والدہ اُن اولین ایرانی خواتین میں شامل تھیں جنھوں نے روایتی حجاب ترک کیا۔ انسائیکلو پیڈیا برٹینیکا کے مطابق سنہ 1951 سے لے کر سنہ 1953 تک ایران کے وزیر اعظم رہنے والے محمد مصدق کے برطانوی کمپنی کے زیرِ قبضہ ایران کے وسیع تیل ذخائر کو قومی ملکیت میں لینے سے ایران میں شدید سیاسی اور معاشی بحران پیدا ہو گیا۔ 'مصدق اور شاہ کے درمیان حکومت پر اختیار کی مسلسل کشمکش میں اگست 1953 میں جب شاہ نے مصدق کو برطرف کرنے کی کوشش کی تو مصدق کے حامی سڑکوں پر نکل آئے اور شاہ اور اُن کی بہن اشرف پہلوی کو ملک چھوڑنے پر مجبور کر دیا۔' 'تاہم چند ہی دنوں میں مصدق کے مخالفین نے امریکی اور برطانوی ایجنسیوں کے تعاون سے ایک فوجی بغاوت کے ذریعے اُن کی حکومت گرا دی اور شاہ کو دوبارہ اقتدار میں واپس لے آئے۔' سنہ 1953 کے اس عمل کو 'آپریشن ایجیکس' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ شہزادی اشرف پہلوی نے آپریشن ایجیکس میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ انھوں نے محمد رضا شاہ کا ذہن بدل کر امریکی اور برطانوی خفیہ ایجنسیوں کو اس بغاوت کا آغاز کرنے کی اجازت دینے پر آمادہ کیا۔ شاہ ابتدا میں اس کارروائی کے سخت خلاف تھے اور کچھ عرصے تک اس کی منظوری دینے سے انکار کرتے رہے۔ سال کے اوائل میں سی آئی اے کے ایجنٹس نے اشرف سے درخواست کی کہ وہ اپنے بھائی سے بات کریں کیونکہ وہ واحد شخصیت تھیں جو شاہ پر اثر ڈال سکتی تھیں۔ مؤرخ سٹیفن کنزر اپنی کتاب 'آل دی شاہز مین' میں لکھتے ہیں کہ 'اشرف اُس وقت فرانس کے کیسینوز اور نائٹ کلبوں میں زندگی کا لطف اُٹھا رہی تھیں، جب (آپریشن کے انچارج سی آئی اے افسر) کرمٹ روزویلٹ کے ایک نمایاں ایرانی ایجنٹ، اسداللہ رشیدیان، اُن سے ملاقات کے لیے پہنچے۔' 'اشرف نے مزاحمت دکھائی تو اگلے روز امریکی اور برطانوی ایجنٹوں کا ایک وفد یہ دعوت مزید 'مؤثر انداز' میں پیش کرنے آ پہنچا۔' 'وفد کی قیادت ایک سینیئر برطانوی خفیہ اہلکار نارمن ڈاربی شائر کر رہے تھے، جو اپنے ساتھ ایک قیمتی منک کوٹ اور نقد رقم کا ایک پیکٹ لائے تھے۔' ڈاربی شائر کے بقول جیسے ہی اشرف کی نظر ان تحائف پر پڑی 'اُن کی آنکھوں میں چمک آ گئی اور اُن کی مزاحمت ٹوٹ گئی۔' تاہم، اشرف پہلوی کی کتاب 'فیسز اِن اے مِرر: میمائرز فرام ایگزائل' میں اُن کے اپنے بیان کے مطابق انھیں زبردستی فرانس میں جلاوطنی سے وطن واپسی پر آمادہ کرنے کے لیے ایک بلینک چیک پیش کیا گیا، مگر انھوں نے رقم لینے سے انکار کیا اور اپنی مرضی سے ایران واپس آئیں۔ بعض مؤرخین کا کہنا ہے کہ 1953 کی بغاوت اشرف پہلوی کی اپنے بھائی کو منانے کی کوششوں کے بغیر بھی ہو سکتی تھی۔ انٹرنیشنل جرنل آف مڈل ایسٹ سٹڈیز میں شائع ایک مضمون میں مصنف مارک گیسوروسکی لکھتے ہیں کہ شاہ کو 'نہ تو بغاوت کے فیصلے میں شامل کیا گیا، نہ اس کے طریقۂ کار پر مشورہ دیا گیا، اور نہ ہی اُن سے یہ پوچھا گیا کہ مصدق کی جگہ کون لے گا۔' گیسوروسکی کے مطابق یہ بغاوت زیادہ تر امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی جانب سے مصدق کو کمزور کرنے اور انھیں ہٹانے کے لیے کی گئی تھی اور شاہ اس میں محض ایک علامتی کردار تھے، اصل کارروائی پسِ پردہ غیر ملکی طاقتیں چلا رہی تھیں۔ مصدق کو غداری کے جرم میں تین سال قید کی سزا سنائی گئی اور سزا مکمل ہونے کے بعد باقی زندگی نظر بندی میں گزارنا پڑی۔ اگرچہ ایران کو تیل کی تنصیبات پر علامتی خودمختاری حاصل رہی لیکن سنہ 1954 کے معاہدے کے تحت تیل کی آمدن کا 50 فیصد حصہ ایک بین الاقوامی کنسورشیم کو جاتا رہا جو پیداوار اور فروخت پر مکمل اختیار رکھتا تھا۔

### شہزادی اشرف پہلوی: شادیاں اور سکینڈلز

اگرچہ اشرف اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا چاہتی تھیں مگر اس کے بجائے اُن کی شادی سنہ 1937 میں 18 سال کی عمر میں کر دی گئی۔ شہزادی اشرف نے تین شادیاں کیں جو تینوں طلاق پر منتج ہوئیں اور اُن کے تین بچے تھے۔ سنہ 1980 میں نیویارک ٹائمز کو دیے گئے انٹرویو میں اشرف نے کہا: 'میں کبھی اچھی ماں نہیں رہی کیونکہ میرا طرزِ زندگی ایسا تھا کہ بچوں کے ساتھ وقت نہیں گزار سکی۔' سیاسی مخالفین نے شہزادی اشرف پر کرپشن کے الزامات لگائے اور ان کے ایرانی اداکاروں اور عوامی شخصیات کے ساتھ مشہور زمانہ معاشقوں کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ امریکی دستاویز کے مطابق شہزادی اشرف کئی برسوں تک شاہی دربار سے وابستہ تقریباً تمام سکینڈلز کی مرکزی شخصیت رہی ہیں۔ 'ان کی اپنے عشاق کے حق میں مداخلتیں بدنام تھیں اور عام طور پر یہ افواہیں بھی گردش میں رہیں کہ وہ خود منشیات کی سمگلنگ میں ملوث ہیں۔ تاہم اب وہ نسبتاً محتاط ہو گئی ہیں اور یہاں تک کہ اپنے بھائی کے لیے نیم سفارتی مشن بھی سرانجام دے رہی ہیں۔ اشرف نے اقوامِ متحدہ اور ایران میں خواتین کے حقوق کے فروغ کے لیے بھی سرگرمی سے کام کیا ہے اور دیگر سماجی مقاصد میں بھی حصہ لیا ہے۔' 'اگرچہ اُن کی ساکھ میں بہتری آئی ہے، وہ اپنے کئی پرانے اطوار آج بھی برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ تعمیراتی ٹھیکیداروں یا مشیروں کے حق میں ان کی سفارشات آج بھی سرکاری ٹھیکے دلوانے میں فیصلہ کن کردار ادا کرتی ہیں، اگرچہ اب بظاہر وہ اس کے عوض کمیشن نہیں لیتیں۔' 'وقت کے ساتھ ساتھ اشرف نے کئی مردوں کو بیوروکریسی میں ترقی دلوانے میں مدد دی ہے۔' '52 سالہ شہزادی کی حالیہ پسندیدہ شخصیت 36 سالہ پرویز راجی دکھائی دیتے ہیں، جو وزیر اعظم ہویدا کے معاون ہیں۔ راجی، جن کے خاندانی تعلقات دو طاقتور گھرانوں سے ہیں، حکومت کے چند باصلاحیت نوجوان افسران میں شمار کیے جاتے ہیں۔ وہ آکسفورڈ سے تعلیم یافتہ ہیں اور وزارتِ خارجہ میں خاصا تجربہ رکھتے ہیں۔ انھیں سفیر کے مساوی ذاتی عہدہ بھی دیا گیا ہے۔' 'ایسے تعلقات ذاتی فائدے کے علاوہ باہمی سیاسی فائدے بھی رکھتے ہیں۔ اشرف کو وزیر اعظم کے دفتر تک ایک اہم رسائی حاصل ہوتی ہے، جبکہ راجی کو اپنے مستقبل کے کیریئر میں ایک مؤثر پشت پناہی میسر آتی ہے، بشرطیکہ ان کے تعلقات خوش اسلوبی سے ختم ہوں۔ لیکن اشرف کی دشمنی بھی اتنی ہی مؤثر ہو سکتی ہے۔ اشرف اور سابق وزیرِ خارجہ اردشیر زاہدی کے درمیان کشیدگی 1971 میں زاہدی کی برطرفی کا جزوی سبب بنی تھی۔' اشرف پہلوی پر مالی بدعنوانی کے الزامات بھی لگائے گئے لیکن ان کے مطابق ایسا اس لیے تھا کیونکہ وہ 'مختلف تنظیموں کی انتظامیہ میں سرگرم تھیں۔' ان کے بقول جب مصدق نے انھیں پیرس میں جلاوطن کیا، وہ محدود مالی وسائل کی حامل تھیں۔ تاہم بعد کے برسوں میں کہا گیا کہ انھوں نے بڑی دولت جمع کر لی۔ مرفی کے مطابق اشرف نے اپنی دولت کا سبب اپنے والد رضا شاہ سے وراثت میں ملی زمینوں کی قدر میں اضافے اور وراثت میں ملے کاروباروں کی آمدن کو قرار دیا۔ تاہم نکی کیڈی کی کتاب 'روٹس آف ریولیوشن: این انٹرپریٹیو ہسٹری' اور فریدون ہویدا کی کتاب 'دی فال آف دی شاہ' کے مطابق، اُن کی دولت کے پیچھے کی ایک کہانی یہ بھی ہے کہ جب ایران میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کے باعث صنعتی ترقی کا دور آیا، تو اشرف پہلوی اور اُن کے بیٹے شہرام نے نئی کمپنیوں کو حکومت سے آپریٹنگ، درآمد، برآمد یا سرکاری معاہدے کی اجازت دلوانے کے بدلے اُن کمپنیوں کے حصص میں سے 10 فیصد یا اُس سے زیادہ بغیر قیمت کے حاصل کیے۔' کہا جاتا ہے کہ سرکاری لائسنس صرف چند بااثر کمپنیوں کو دیے جاتے تھے، جس کے نتیجے میں لائسنس حاصل کرنا ہر کاروبار کے لیے ایک لازمی اور مہنگا مرحلہ بن گیا۔' سنہ 1979 میں نیویارک ٹائمز نے رپورٹ کیا کہ 17 ستمبر 1978 کی ایک دستاویز کے مطابق اشرف کے دفتر سے ایک درخواست کی گئی کہ بینک میں موجود اُن کے اکاؤنٹ سے 7,08,000 ڈالر سوئٹزرلینڈ کے یونین بینک آف جنیوا میں موجود اکاؤنٹ میں منتقل کیے جائیں، جسے خفیہ کوڈ SAIPA (یعنی P-rincesse, I-mperiale, A-ltesse, S-on, A-shraf) کے تحت کھولا گیا تھا۔ یہ فرانسیسی زبان میں اُن کی پسندیدہ اصطلاح تھی جس کا مطلب تھا 'شہزادی اشرف، شاہی عظمت کی مالک۔' حسین فردوست نے 'دی رائز اینڈ فال آف دی پہلوی ڈائناسٹی' میں اشرف پہلوی کو منشیات سمگلنگ سے جوڑنے کی بھی کوشش کی۔ اس پر اشرف نے اپنی یادداشتوں میں لکھا: 'میرے مخالفین نے مجھ پر سمگلر، جاسوس، مافیا کی ساتھی، اور ایک بار تو منشیات فروش ہونے تک کا الزام لگایا۔' سنہ 1980 میں اشرف نے نیویارک ٹائمز میں ایک مضمون میں مؤقف اختیار کیا کہ ان کی دولت 'ناجائز ذرائع' سے حاصل نہیں کی گئی، بلکہ وراثتی زمینوں سے تھی جن کی قیمت ایران کی ترقی اور خوشحالی کے باعث کئی گنا بڑھ گئی تھی۔ وہ اپنی یادداشتوں میں الزامات کا یوں جواب دیتی ہیں: 'میرے والد کی وفات پر مجھے تقریباً 3 لاکھ ڈالر وراثت میں ملے تھے (اور کیسپیئن سمندر کے قریب تقریباً 10 لاکھ مربع میٹر زمین، نیز جرجان اور کرمانشاہ میں کچھ جائیدادیں بھی، جو بعد میں بے حد قیمتی ثابت ہوئیں)۔'

### نفسیاتی پہلو

اپنی جوانی میں اشرف پہلوی خود اعتمادی کی کمی کا شکار تھیں۔ انھوں نے لکھا: 'مجھے آئینے میں اپنی شکل پسند نہیں آتی تھی۔ میں کسی اور کے چہرے، گوری رنگت، اور زیادہ قد کی خواہش رکھتی تھی۔ ہمیشہ محسوس کرتی کہ دنیا میں مجھ سے کم قد لوگ بہت کم ہیں۔' شاید یہی احساس اُن کی جرأت مندی کا محرک بنا۔ اپنی یادداشتوں میں وہ لکھتی ہیں: 'بیس سال قبل، فرانسیسی صحافیوں نے مجھے (La Panthère Noire) (کالی چیتی) کا لقب دیا۔ مجھے یہ لقب خاصا پسند آیا اور سچ کہوں تو بعض پہلوؤں میں یہ میرے مزاج سے میل بھی کھاتا ہے۔ چیتے کی طرح میری فطرت پرجوش، باغی اور خود اعتماد ہے۔' 'اکثر مجھے عوامی محفلوں میں خود پر قابو رکھنے کے لیے بڑی محنت کرنا پڑتی ہے۔ مگر بعض اوقات میرا دل چاہتا ہے کہ کاش میرے پاس چیتے کے پنجے ہوتے کہ میں اپنے وطن کے دشمنوں پر جھپٹ پڑتی۔' بھائی کے ساتھ تعلق پر وہ کہتی تھیں کہ محمد رضا شاہ اُن کے سب سے قریبی دوست تھے۔ اپنی یادداشتوں میں اشرف لکھتی ہیں 'ہمارے بالغ ہونے سے بہت پہلے میرے لیے اُس کی آواز ہی زندگی کی غالب آواز بن چکی تھی۔'

### خواتین کے حقوق

اشرف پہلوی اپنے بھائی کی حکومت کے دوران ایران اور دنیا بھر میں خواتین کے حقوق کی بھرپور حامی رہیں۔ تاہم ایک مضمون میں مصنفہ کی بوئل نے انھیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور لکھا کہ 'شہزادی جب بین الاقوامی بہن چارے کی بات کر رہی تھیں، تب ایران میں ان ہی کی تقریباً 4,000 'بہنیں' سیاسی قیدی تھیں، جنھیں کسی فوجی یا دیوانی مقدمے کی امید بھی نہ تھی۔' اپنی یادداشتوں میں اشرف پہلوی نے ایران میں خواتین کے خراب حالات کا اعتراف کیا اور اس پر تشویش کا اظہار کیا۔ وہ لکھتی ہیں کہ 'ایران کی عورتوں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا تھا، اس کی خبریں انتہائی تکلیف دہ تھیں۔۔۔ وہ الگ تھلگ کر دی گئی تھیں اور دوسرے درجے کی شہری بنا دی گئی تھیں۔۔۔ بہت سی عورتوں کو قید یا جلاوطنی کا سامنا تھا۔' سنہ 1979 کے انقلاب کے بعد اشرف پہلوی نے امریکی بینکار ڈیوڈ راک فیلر سے درخواست کی کہ وہ ان کے بھائی محمد رضا شاہ کو پناہ دلوانے میں مدد کریں۔ انھوں نے اُس وقت کے امریکی صدر جمی کارٹر اور اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کرٹ والڈہائم پر بھی تنقید کی کہ انھوں نے انقلاب کے آغاز میں شاہ کا ساتھ نہیں دیا۔

### جلاوطنی اور وفات

انقلاب کے بعد اشرف نیویارک، پیرس اور فرانسیسی ریویرا میں وقت گزارتی رہیں۔ سات جنوری 2016 کو مناکو میں الزائمر کے مرض کے بعد 96 سال کی عمر میں ان کی وفات ہوئی۔ وفات کے وقت وہ پہلوی خاندان کی سب سے عمر رسیدہ فرد تھیں۔ ایسوسی ایٹڈ پریس نے لکھا کہ شہزادی اشرف کی بعد کی زندگی شیکسپیئر کے المیے سے کم نہ تھی۔ 'انقلاب کے فوراً بعد پیرس کی ایک سڑک پر ان کے بیٹے کو مار ڈالا گیا، ان کے جڑواں بھائی کینسر سے وفات پا گئے، اُن کی ایک بھتیجی 2001 میں لندن میں منشیات کی زیادتی سے مر گئی اور ایک بھتیجے نے دس برس بعد بوسٹن میں خودکشی کر لی۔' ولیم گرائمز نے نیویارک ٹائمز میں لکھا کہ 'اشرف پہلوی ایک دلکش مگر متنازع شخصیت تھیں۔ مغربی سوچ کی حامل، جدید، نفاست سے ملبوس، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں میں روانی سے بات کرنے والی، اعلیٰ طبقے کی زندگی کی شوقین۔' 'اُن کی شہرت ایک سخت گیر سیاسی کھلاڑی کی تھی، جو اپنے بھائی، شاہ محمد رضا پہلوی کی آمرانہ حکومت کی کھلم کھلا وکالت کرتی تھیں۔' اے پی کے مطابق ان کا کہنا تھا: 'میرے بھائی کی موت کے بعد، اگر ہمارے پاس واقعی وہ 65 ارب ڈالر ہوتے جن کا لوگ دعویٰ کرتے ہیں، تو ہم نے ایران کو پلک جھپکتے ہی واپس لے لینا تھا۔' وقت کے ساتھ وہ عوامی منظرنامے سے آہستہ آہستہ اوجھل ہوتی گئیں، تاہم 1994 میں وہ امریکی صدر رچرڈ نکسن کی آخری رسومات میں شریک ہوئیں۔ انھوں نے ہمیشہ کہا کہ انھیں اپنی زندگی پر کوئی پچھتاوا نہیں۔ 'میں اگر دوبارہ جیئی تو وہی سب کچھ کروں گی۔ سب گزر گیا ہے، اب صرف یادیں ہیں۔ لیکن وہ پچاس سال بڑی عظمت اور جاہ و جلال سے بھرپور تھے۔'

## تھیٹرز کے بعد اب یوٹیوب پر 'ستارے زمین پر' چمک رہا ہے، عامر خان نے ریلیز کر دیا!

ممبئی: 30/جولائی (ایم ملک) ایک منفرد اور پہلی بار فیصلہ کرتے ہوئے عامر خان نے اپنی نئی فلم کو تھیٹر میں ریلیز کرنے کے فوراً بعد یوٹیوب موویز آن ڈیمانڈ پر ریلیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے تا کہ یہ فلم سستے اور آسان طریقے سے دنیا کے کونے کونے تک پہنچ سکے۔ یہ جرات مندانہ فیصلہ پوری دنیا میں فلموں کی ریلیز کے طریقہ کار کو ایک نئی سمت دیتا ہے۔ اس طرح ستارے زمین پر صرف یوٹیوب پر دیکھا جائے گا اور کسی اور ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر ریلیز نہیں کیا جائے گا۔ عامر خان نے آج اعلان کیا کہ ان کی سپر ہٹ تھیٹر فلم ستارے زمین پر اب یکم اگست 2025 سے دنیا بھر میں یوٹیوب پر ریلیز کی جائے گی۔ یہ ایک جرات مندانہ اور نیا قدم ہے، جس میں 2025 کی کامیاب ترین فلموں میں سے ایک کو براہ راست لوگوں کے گھروں تک پہنچایا جائے گا۔ دل دہلا دینے والے فیملی ڈرامے میں عامر خان، جینیلیا دیش مکھ کے ساتھ 10 ذہنی معذوری والے اداکار شامل ہیں۔ یہ فلم ہندوستان میں 100 روپے میں دستیاب ہوگی اور 38 ممالک بشمول امریکہ، کینیڈا، برطانیہ، آسٹریلیا، جرمنی، انڈونیشیا، فلپائن، سنگاپور اور اسپین میں مقامی قیمتوں کے ساتھ دستیاب ہوگی۔ عامر خان کے ستارے زمین پر، جسے 2007 کے کلاسک ترے زمین پر کا روحانی جانشین کہا جاتا ہے، محبت، ہنسی اور شمولیت کا جشن مناتا ہے۔ اس فلم نے لوگوں کے دلوں کو چھو لیا ہے اور اس نے آج تک دنیا بھر میں 250 کروڑ سے زیادہ کی کمائی کی ہے۔ اب، ناظرین یوٹیوب پر فلم کو تھوڑی سی فیس کے لیے کرائے پر لے سکتے ہیں، جس سے ہر گھر اور موبائل اسکرین کو عوامی تھیٹر بنایا جا سکتا ہے۔ یہ فیصلہ پریمیم سنیما کو زیادہ سے زیادہ لوگوں کے لیے قابل رسائی بناتا ہے، چاہے وہ گھر پر ہوں یا چلتے پھرتے، انٹرنیٹ کنکشن کے ساتھ۔ ان ناظرین کے لیے جو اسے تھیٹرز میں کھو چکے ہیں یا اسے دوبارہ دیکھنا چاہتے ہیں، یہ ایک بہترین اور آسان آپشن ہے۔ ستارے زمین پر نہ صرف ہندوستان بلکہ پوری دنیا کے نئے سامعین تک پہنچنے کے لیے بڑی زبانوں میں سب ٹائٹلز اور ڈبنگ کے ساتھ بھی دستیاب ہوگا۔ ستارے زمین پر کی آن لائن ریلیز سے یوٹیوب کی زبردست رسائی اور فلم تک آسان رسائی کا فائدہ ہوتا ہے۔ عامر خان پروڈکشن کی مزید پسندیدہ فلمیں مستقبل میں اس پلیٹ فارم پر ریلیز کی جائیں گی۔

